# بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
# یونیورسٹی سٹاف ویلفیئر ایسوسی ایشن

# ﴿ کفالت فنڈ رکنیت فارم ﴾

## شرائط و ضوابط

i۔ اگر کوئی ملازم دورانِ سروس وفات پا جائے تو اُس کے قانونی لواحقین کو مالی امداد فراہم کی جائے گی۔

ii۔ جب کوئی بھی ملازم (لیبر، ڈیلی ویجز، ایڈہاک، کنٹریکٹ اور ریگولر) دورانِ سروس وفات پا جائے، اُسی ماہ کے اختتام پر تمام حاضر سروس ملازمین (لیبر، ڈیلی ویجز، ایڈہاک، کنٹریکٹ اور ریگولر) کی تنخواہوں سے ایک مقررہ شرح کے مطابق کٹوتی کی جائے گی۔ اس نظام کا مقصد فوری معاونت فراہم کرنا اور باہمی تعاون اور یکجہتی کے جذبے کو فروغ دینا ہے۔

iii۔ اگر کسی ایک مہینے میں ایک سے زائد حاضر سروس ملازمین (لیبر، ڈیلی ویجز، ایڈہاک، کنٹریکٹ اور ریگولر) وفات پا جائیں تو مالی امداد کی ادائیگی تاریخِ وفات کے اعتبار سے ترتیب وار کی جائے گی۔ اس لیے ایک مہینے میں صرف ایک وفات کے لیے مالی امداد جاری کی جائے گی۔ دیگر وفیات کی صورت میں مالی امداد آئندہ مہینوں میں فنڈ کی معمول کے مطابق فراہم کی جائے گی۔

iv۔ کوئی بھی ملازم اپنی ریٹائرمنٹ کے بعد اگر دوبارہ جامعہ میں کنٹریکٹ یا ڈیلی ویجز کی بنیاد پر بھرتی ہو جائے، تو وہ ملازمین کفالت فنڈ کا رکن نہیں ہوگا اور یہ پالیسی اس پر لاگو نہیں ہوگی۔

v۔ دورانِ سروس وفات پانے والے ملازم کے لواحقین کو دی جانے والی مالی امداد اتنی ہی ہوگی جتنی مذکورہ مہینے میں تمام ملازمین سے کٹوتی کے نتیجے میں جمع ہوگی۔

vi۔ کسی بھی دورانِ سروس وفات پانے والے ملازم کے اہل خانہ کو جامعہ کے تمام ملازمین کی طرف سے دی جانے والی مالی معاونت کی ترتیب درجہ ذیل ہوگی۔

vii۔ فنڈ کے تمام فوائد اور سہولیات صرف اُن ملازمین کے لیے مخصوص ہوں گے جو اس پالیسی کے ممبر ہوں گے

viii۔ اس پالیسی میں بہتری کیلئے کسی بھی قسم کی تبدیلی اسوا کی ورکنگ باڈی، ایگزیکٹو باڈی اور جنرل باڈی کی اکثریتی منظوری سے ممکن ہوگا۔

ix۔ یہ کفالت فنڈ بنیادی طور پر گریڈ 1 تا 16 کے ملازمین کے لیے مخصوص ہے۔ تاہم، اگر کوئی رکن دورانِ ملازمت گریڈ 17 یا اس سے بالاتر عہدے پر ترقی حاصل کر لیتا ہے اور اس فنڈ کا رکن برقرار رہنا چاہتا ہے تو وہ اپنی مرضی سے رکنیت جاری رکھ سکتا ہے۔ ایسے اراکین سے بوقتِ ضرورت مبلغ 600 روپے کٹوتی فنڈ کے قواعد و ضوابط کے مطابق کی جائے گی اور وہ انہی قواعد کے تحت فنڈ سے مستفید ہونے کے اہل ہوں گے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (i | گریڈ 1 تا 2 | -/100 روپے | (ii | گریڈ 3 تا 6 | -/300 روپے | (iii | گریڈ 7 تا 10 -/400 روپے |
| (iv | گریڈ 11 تا 13 | -/500 روپے | (v | گریڈ 14 تا 16 | -/600 روپے | | |

## اعلان و رضامندی

میں بذریعہ دستخط اس بات کا اظہار کرتا/کرتی ہوں کہ میں اپنی مرضی سے ملازمین کفالت فنڈ میں شامل ہونا چاہتا/چاہتی ہوں۔ میں پالیسی میں درج شرائط کے مطابق مقررہ رقم بطور کٹوتی دینے پر آمادہ ہوں۔ مجھے یہ بھی علم ہے کہ اس فنڈ کا مقصد دورانِ سروس وفات پانے والے ملازمین کے لواحقین کو فوری مالی امداد فراہم کرنا ہے، اور اس میں دی جانے والی رقم فنڈ کے قواعد و ضوابط کے مطابق ہوگی۔

نام ملازم: _____

عہدہ: _____

شعبہ/ڈیپارٹمنٹ: _____

پرسنل نمبر: _____ رابطہ نمبر: _____

ملازم کے دستخط: _____

تاریخ: _____ برائے منظوری صدر اسوا _____